Q.7. Translate the following into English by keeping in view any figurative /idiomatic expression. (10)

ایک طالب علم کا فریضہ حیات اساتذہ اور کتب سے کسب ضیا ہے. جو زندگی کی تاریک راہوں کو ان کے لئے منور کر سکے. اس فریضے کی ادائیگی میں یکسوئی اور مستقل مزاجی درکار ہے. ہر بیرونی اثر کو جو اس کے منافی ہو سختی کے ساتھ حلقہ تدریس سے علیحدہ رکھنا پڑے گا. ورنہ خطرہ یہ ہوگا کہ طالب علم کی تربیت ادھوری رہ جائے اور جو وقت عزیز ا سے کسب علم میں صرف کرنا چاہئے تھا. محض سیاسی سرگرمیوں کی ہنگامی دلچسپیوں کی نذر ہو جائے ہمارے ملک کو سیاسی کارکنوں سے زیادہ ان علما اور فضلا کی ضرورت ہے جو بیک وقت علوم مشرقی، علوم مغربی، علوم دینی اور علوم دنیاوی کے جامع ہوں ظاہر ہے کہ ایسے ہمہ گیر لوگ تبھی پیدا ہو سکتے ہیں . جب کہ علمی مشاغل میں سیاسی عوامل دخل اندازی نہ کریں. کہا جاتا ہے کہ مغربی ممالک کے مقابلے میں ہمارا تعلیمی معیار پست ہے کسی حد تک تو یہ ہمارے اقتصادی حالات کا نتیجہ ہے . اور شاید یہ کہنا بھی خالی از صداقت نہیں کہ ہمارے اکثر اساتذہ طلبہ کے دلوں میں ذوق علم کی چنگاری مشتعل کرنے سے قاصر ر ہے . لیکن ذمہ داری کا بیشتر حصہ یقیناً خود طلبہ پر عائد ہونا چاہئے .

Scanned with CamScanner

(viii)

The purpose of life of a student is to seek enlightenment from teachers and books which can enlighten the dark paths of life for them. To perform this duty, focus and persistence are required. Every external effect which contradicts this shall be forcefully separated from educational sphere. otherwise their there will be a danger that the grooming of students will be left uncompleted and the precious time which could have been spent in seeking knowledge would be awarded to uncertain interest of political activities. Our country needs scholars and knowledgeable persons, more than political activities' activists, which have knowledge of East, west, religion and world at the same time. Obviously such all encompassing personalities can only be born when there is no political interference in educational affairs. It is said that our educational standards are low as compared to western countries. To some extent, it is the result of our economic conditions. And it may not be lack of honesty that most of our teachers are not able to ignite the spark for love of education in the hearts of students. But major responsibility must be applied to students themselves.

Scanned with CamScanner